© rasailojaraid.com



جناب شفیق الدین فاروقی

# دار العلوم کے شب و روز

## حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کا دورہ بلوچستان:

حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے لاہور اسلام آباد کے تاریخی لانگ مارچ کی کامیابی کے بعد ۱۴ تا ۱۵ جولائی کوئٹہ تا چمن بارڈر کے لانگ مارچ میں شرکت کی۔ اور تین دن بلوچستان میں قیام فرمایا۔ اس دوران مختلف علماء دار العلوم حقانیہ کے فضلاء اور جمعیت علماء اسلام کے رہنماؤں سے تفصیلی ملاقاتیں کیں۔ اور بعد میں آپ نے دو دن لانگ مارچ کے جلوس کی قیادت کی۔ شدید گرمی اور پیرانہ سالی کے باوجود الحمد للہ حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کا عزم استعمار کے خلاف تر و تازہ ہے۔ بعد میں آپ نے چمن میں حضرت مولانا عبد الغنی " قدیم فاضل دار العلوم حقانیہ کے جامعہ میں جا کر ان کے فرزندوں سے تعزیت کی۔

## ٹی وی نیوز چینل ''وقت'' کی ٹیم کی دار العلوم آمد:

پاکستان کے نامور اور کثیر اشاعت اخبار روزنامہ ''نوائے وقت'' کے زیر انتظام چلنے والے ٹیلی ویژن چینل ''وقت'' کی ٹیم گزشتہ دنوں دار العلوم حقانیہ تشریف لائی اور انہوں نے نیٹو سپلائی کے خلاف دفاع پاکستان اور حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کی کوششوں کے متعلق ایک گھنٹے کا تفصیلی انٹرویو ریکارڈ کیا۔ جسے ۲۳ رجولائی کی رات گیارہ بجے پوری دنیا میں نشر کیا گیا۔

## برطانوی اخبار ''ٹیلی گراف'' کے نمائندے کی دار العلوم آمد:

اسی طرح حضرت مہتمم مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے ملاقات اور انٹرویو کیلئے معروف برطانوی اخبار ٹیلی گراف کے نمائندے دار العلوم تشریف لائے اور انہوں نے اپنے اخبار کیلئے حضرت مولانا مدظلہ سے تفصیلی انٹرویو ریکارڈ کیا۔ مولانا نے اس موقع پر پاکستان اور عالم اسلام کو درپیش چیلنجز کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

## دار العلوم کے مخلص حضرت مولانا سعید اللہ جان ؒ کی وفات

ضلع چارسدہ اور مردان کے معروف عالم دین اور جمعیت علماء اسلام کے باصلاحیت و مخلص رہنما حضرت مولانا سعید اللہ جان ؒ گزشتہ دنوں انتقال کر گئے۔ آپ انتہائی باصلاحیت اور اعلیٰ اخلاق کے حامل شخصیت تھے۔ مردان کے نامور مدرسہ کے مہتمم اور شیخ الحدیث تھے۔ حضرت مہتمم صاحب مدظلہ آپ کی تعزیت کے سلسلے میں ان کے گاؤں چارسدہ تشریف لے گئے اور ان کے پسماندگان اور خصوصاً مولانا احتشام سے تعزیت کی۔

© rasailojaraid.com